# نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ

## عمومی جائزہ

NYC اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) ایک ویب پر مبنی پروگرام ہے جس سے آپ اپنے بچے کی تعلیمی اور سوانحی معلومات کو کمپیوٹر، فون یا ٹیبلٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ اس ایپلیکیشن کا انگریزی کے علاوہ نو زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ آپ نہ صرف اپنے طالب علم کی تعلیمی طریقِ کار کی نگرانی کرسکتے ہیں ، بلکہ آپ اپنے طالب علم اور خاندان کی اعانت کے لیے دیگر تعلیمی وسائل بھی دیکھ سکتے ہیں۔

### مائی اسٹوڈنٹ

اپنے طالب علم کی معلومات دیکھیں جیسے:

- ہنگامی صورتحال کی رابطہ معلومات
- ذرائع نقل و حمل
- انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)
- ڈجیٹل فارمز، بشمول COVID-19 ٹیسٹنگ اجازت فارم
- حاضری
- گریڈز اور رپورٹ کارڈز
- تشخیصات (امتحان کے اسکور)

### پیرنٹ یونیورسٹی

پیرنٹ یونیورسٹی ایک نیا آن لائن پلیٹ فارم ہے جو خاندانوں کے ساتھ رابطہ کرنے اور طلبا کی معاونت کرنے کے لیے کورسز کی کیٹلاگ، رواں تقریبات اور سرگرمیاں پیش کرتا ہے۔

### غنڈہ گردی رپورٹ کرنے کا پورٹل (Bullying Reporting Portal)

اپنے طالب علم کے اسکول کو NYCSA ایپلیکیشن کے ذریعے غنڈہ گردی کے واقعات کی اطلاع دیں۔

## میں نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کیسے تخلیق کروں؟

آپ تین طریقوں سے NYC اسکولز اکاونٹ تخلیق کر سکتے ہیں۔ آپ یا تو اپنے بچے کے اسکول ذاتی طور پر جا کر ایک عارضی پاس ورڈ لے سکتے ہیں، اپنے اسکول سے رابطہ کریں اور ٹیلی کانفرنس کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کریں اور ایک عارضی پاس ورڈ حاصل کریں، یا آپ اپنے بچے کے ساتھ بھیجے جانے والے خط میں دیے گئے اکاونٹ تخلیق (کرئیشن) کوڈ کو استعمال کر سکتے ہیں۔

### بذاتِ خود یا آن لائن

1. اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ وقت ملاقات کا انتظام کریں۔
2. ایک مستند تصویری آئی ڈی (مثال کے طور پر اپنا پاسپورٹ، اپنا ڈرائیور لائسنس، (DNYC)، اپنا ای میل پتہ، اور اپنے بچے کا 9 عددی طالبانہ آئی ڈی نمبر، جو اسکے رپورٹ کارڈ پر پایا جاسکتا ہے، فراہم کریں۔ اگر بذریعہ ٹیلی کانفرنس، اسکول والدین / سرپرست یا اہل طالب علم کی شناخت کی تصدیق آواز سے یا دیکھ کر کرے گا۔
3. جب آپ اپنے اسکول میں یا ٹیلی کانفرنس کے ذریعے اکاونٹ بناتے ہیں تو آپکو بذاتِ خود یا بذریعہ ای میل ایک رسید موصول ہوگی جس پر ایک عارضی پاس ورڈ درج ہوگا۔
4. https://schoolsaccount.nyc پر جائیں اور اپنا ای میل پتہ اور عارضی پاس ورڈ درج کریں۔۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ عارضی پاس ورڈ 30 دنوں بعد بے کار ہوجائے گا۔ آپ سے اپنے اکاؤنٹ کے لیے ایک نیا پاس ورڈ تخلیق کرنے کو کہا جائے گا، اپنے حفاظتی سوال ترتیب دیں اور اپنے ای میل پتے کی تصدیق کریں۔

### خود خدمتی

آپ کو اکاؤنٹ تخلیق کوڈ کی ضرورت ہوگی جو آپ کے بچے کے ساتھ ایک خط میں بھیجا گیا تھا۔ آپ اپنے بچے کے اسکول سے بھی ایک خط کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپکو نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ تخلیق کرنے یا اپنے موجودہ اکاونٹ میں مزید بچوں کو شامل کرنے کے لیے یہ کوڈ اور اپنے بچے کا 9 عددی طالبانہ آئی ڈی نمبر درکار ہوگا۔



T&I 33096 Acpolicy_NYCSA Parent Flyer_Aug 2021 (Urdu)

1. https://schoolsaccount.nyc پر جائیں اور لاگ ان صفحے پر پائے جانے والے "Create Account" لنک کا انتخاب کریں۔
2. اطلاع نامے موصول کرنے کا آغاز کرنے کے لیے اپنا نام، ای میل پتہ، اور سیل فون نمبر درج کریں۔ آپ ایک اکاؤنٹ تخلیق کوڈ کے بغیر ایک بنیادی اکاونٹ تخلیق کرسکتے ہیں، لیکن اپنے طالب علم کو اکاؤنٹ سے وابستہ (لنک) کرنے کے لیے آپکو کوڈ درکار ہوگا۔
3. اپنے رابطے کی معلومات کو درج کرنے کے بعد "ای میل کی تصدیق کریں" ("Validate Email") کا انتخاب کریں۔ اس صفحے کو کھلا رکھیں۔
4. تصدیق کا نمبر حاصل کرنے کے لیے اپنی ای میل کھولیں۔ "Validate Email" صفحے پر اس نمبر کو داخل کریں۔
5. اپنا پاس ورڈ بنانا شروع کریں
6. اپنے اکاؤنٹ کے تحفظاتی سوالات ترتیب دیں۔
7. یگانہ اکاؤنٹ تخلیق کوڈ درج کریں، جو آپکے اور آپکے بچے کے لیے مخصوص ہے:

## مجھے کن معلومات تک رسائی حاصل ہوگی؟

آپ کے بچے کے اکاؤنٹ کے ساتھ وابستہ ہر بالغ فرد کو ایک نگران، غیرنگران، یا اضافی صارف کا کردار تفویض کیا جائے گا۔ یہ کردار یہ تعین کرتے ہیں کہ وہ مائی اسٹوڈنٹ میں آپ کے بچے کی کتنی معلومات کو دیکھ سکتے ہیں۔ تمام صارفین کرداروں کو پیرنٹ یونیورسٹی اور بُلئنگ پورٹل تک رسائی حاصل ہوگی۔

- بطور ایک نگران صارف کے، آپ اپنے بچے کے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ میں دستیاب تمام معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ اور آپ دیگر بالغان کو اپنے بچے کی معلومات دیکھنے کے لیے مدعو کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، نگران صارفین ہنگامی صورت میں براہِ راست رابطے کے لیے اپلیکیشن میں طالب علم کے ریکارڈ میں بالغان کی ہنگامی صورتحال میں رابطہ معلومات کی تجدید کرسکتے ہیں۔
- بطور ایک غیر نگران صارف کے، آپ اپنے بچے کے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ میں دستیاب زیادہ تر معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ غیر نگران صارفین ہنگامی صورت میں رابطے کے لیے اپلیکیشن میں اپنے فون نمبرز کی تجدید بھی کرسکتے ہیں۔
- بطور ایک اضافی صارف کے، آپ وہ معلومات دیکھ سکتے ہیں جو بچے کے نگران والدین آپ کے ساتھ بانٹیں گے۔

## میں نیویارک اسکولز اکاونٹ کے لیے مدد کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

اگر آپکو اپنے اکاؤنٹ کو استعمال کرنے میں مدد درکار ہے یا سوالات ہیں، تو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں یا 311 کو فون کریں۔ آپ نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کے ویب پیج پر جاکر مزید جان سکتے ہیں: https://www.schools.nyc.gov/nycsa

## میں اپنےبچے کی ہنگامی صورتحال میں رابطہ معلومات کی تجدید کس طرح کروں؟

اگر آپ ایک والدین ہیں جو اپنے بچے کے ساتھ رہتے ہیں، یا ایک سرپرست نگران ہیں، آپ اپنا گھر، سیل، اور کام کے فون نمبرز اور آپ کا اور آپکے بچے کے ریکارڈ پر اضافی بالغان کے ای میل پتے اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ میں ہنگامی صورت میں رابطہ صفحه کو استعمال کرتے ہوئے کرسکتے ہیں۔ آپکے پاس اپنی ترجیحی تحریری اور بولنے والی زبان کی تجدید کرنے کا بھی انتخاب ہے۔ آپ اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے اپنے بچے کی صحت سے متعلق معلومات کی بھی تجدید کرسکتے ہیں۔ اس میں آپ کے بچے کے فزیشن کا نام اور فون نمبر، کوئی معلوم تشخیصات، الرجیز، محدودیت جو جسمانی سرگرمی کو محدود کرتی ہو، اور صحت کے بیمے کی صورتِ حال شامل ہے۔

اگر آپکو اپنے گھر کے پتے کی تجدید کرنے کی ضرورت ہے، اپنے بچے کے ریکارڈ میں بہن بھائیوں کی تجدید کرنا ہے، یا تحفظ کا حکم نامے کی معلومات کی تجدید درکار ہے، اپکو یہ تبدیلی (تبدیلیاں) کرنے کے لیے اپنے اسکول سے براہِ راست رابطہ کرنا لازمی ہے۔

## میں بُلئنگ پورٹل کے بارے میں مزید معلومات کیسے تلاش کرسکتا ہوں؟

اگر آپکو بُلئنگ پورٹل کو استعمال کرنے میں مدد درکار ہے یا تعصب کو روکنے میں مدد کے لیے اضافی وسائل درکار ہیں، سب کے لیے احترام (Respect for all): *Fostering Anti-Bullying Practices (غنڈہ گردی کے خلاف اعمال کو فروغ دینا)* ویب پیج پر جائیں:
https://www.schools.nyc.gov/school-life/school-environment/respect-for-all